وَ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا	اور اگر تم صبر کرلو اور (اللہ سے) ڈرتے رہو
لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ط	(تو) تمہارا نہ بگاڑ سکے گی اُن کی مکاری کچھ بھی
اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿120﴾ ع	بیشک اللہ اُسے جو یہ کررہے ہیں احاطہ کیے ہوئے ہے۔ ﴿120﴾ ع
وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ	اور جب آپ صبح کو نکلے اپنے گھر والوں سے
تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ	(اور) آپ متعین فرما رہے تھے مومنوں کو
مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ط	لڑائی کے مورچوں پر
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿121﴾ لا	اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ ﴿121﴾
اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ	جب آمادہ ہوئے دو گروہ تم میں سے
اَنْ تَفْشَلَا لا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ط	کہ وہ بزدلی دکھائیں حالانکہ اللہ اُنکا مددگار (موجود) تھا۔
وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿122﴾	اور اللہ پر ہی پس مومنوں کو توکل کرنا چاہیے۔ ﴿122﴾
وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ	اور البتہ تحقیق اللہ نے تمہاری مدد کی (جنگ) بدر میں

ع 12 11 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَفْرَحُوْا : فرحت، تفریح۔	الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
تَصْبِرُوْا : صبر، صابر شاکر۔	لِلْقِتَالِ : لہٰذا، الحمدللہ ، قتل، قاتل، مقتول۔
تَتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔	سَمِيْعٌ ، عَلِيْمٌ : سمع، سماعت ، علم، عالم، معلوم۔
يَضُرُّكُمْ : ضرر رساں، مضر صحت (نقصان دہ)۔	طَّآئِفَتٰنِ : طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ (گروہ)۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔	وَلِيُّهُمَا : ولی، اولیا، ولایت۔
مُحِيْطٌ : احاطہ، محیط۔	فَلْيَتَوَكَّلِ : توکل و بھروسا۔
اَهْلِكَ : اہل وعیال، اہلیہ۔	نَصَرَكُمْ : نصرت، ناصر، انصاری، منصور۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يَّفْرَحُوْا	بِهَا ط	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا
(تو) وہ سب خوش ہوتے ہیں	اس سے	اور اگر	تم سب صبر کرلو	اور تم سب ڈرتے رہو (اللہ سے)

لَا يَضُرُّكُمْ ❶	كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا ط	اِنَّ اللّٰهَ	بِمَا
(تو) نہیں بگاڑ سکے گی تمہارا	اُن کی مکاری	کچھ بھی	بیشک اللہ	اُس کو جو

ع 12 11 3

يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ ع (120)	وَاِذْ	غَدَوْتَ	مِنْ اَهْلِكَ
وہ سب کررہے ہیں	احاطہ کیے ہوئے ہے	اور جب	آپ صبح کو نکلے	اپنے گھر والوں سے

تُبَوِّئُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَقَاعِدَ	لِلْقِتَالِ	وَاللّٰهُ
(اور) آپ متعین فرمارہے تھے	مومنوں کو	مورچوں پر	لڑائی کے لیے	اور اللہ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ لا (121)	اِذْ هَمَّتْ ❷	طَّآئِفَتٰنِ ❸	مِنْكُمْ
خوب سننے والا	جاننے والا ہے	جب آمادہ ہوئے	دو گروہ	تم میں سے

اَنْ تَفْشَلَا لا ❸❹	وَاللّٰهُ	وَلِيُّهُمَا ط	وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ ❶❺❻
کہ وہ دونوں بزدلی دکھائیں	حالانکہ اللہ	ان دونوں کا مددگار تھا	اور اللہ پر ہی	پس توکل کرنا چاہیے

الْمُؤْمِنُوْنَ (122)	وَلَقَدْ	نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ	بِبَدْرٍ
مومنوں کو	اور البتہ تحقیق	تمہاری مدد کی	اللہ نے	جنگ بدر میں

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت ”یـ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ”ت“ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ ”اِن“ اور ”ا“ دونوں علامتیں کسی چیز کے تعداد میں ”دو“ ہونے کو ظاہر کرتی ہیں۔ ❹ یہاں علامت ”تَ“ مؤنث کے لیے ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے ❺ ”لْ“ اصل میں ”لِ“ تھا اور اس کا ترجمہ ”چاہیے کہ“ ہوتا ہے، اگر اس ”لِ“ سے پہلے ”وَ“ یا ”فَ“ ہو تو اس ”لِ“ پر ”جزم“ آجاتی ہے۔ ❻ ”تَ“ اور ”شد“ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَّ اَنۡتُمۡ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ	اس حال میں کہ تم کمزور تھے پس اللہ سے ڈرو
لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿123﴾	تا کہ تم شکر گزار بن جاؤ۔ ﴿123﴾
اِذۡ تَقُوۡلُ لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ	جب آپ کہہ رہے تھے مومنوں سے
اَلَنۡ يَّكۡفِيَكُمۡ اَنۡ يُّمِدَّكُمۡ	کیا تمہیں کافی نہیں ہے کہ تمہاری مدد کرے
رَبُّكُمۡ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الۡمَلٰٓئِكَةِ	تمہارا رب تین ہزار فرشتوں کے ذریعے
مُنۡزَلِيۡنَ ؕ ﴿124﴾	(جو) اُتارے جائیں (آسمان سے) ﴿124﴾
بَلٰٓى ۙ اِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَتَتَّقُوۡا	کیوں نہیں اگر تم صبر کرو گے اور (اللہ سے) ڈرتے رہو
وَيَاۡتُوۡكُمۡ مِّنۡ فَوۡرِهِمۡ هٰذَا	اور وہ (کافر) چڑھ آئیں تم پر اپنے جوش سے اُسی دم
يُمۡدِدۡكُمۡ رَبُّكُمۡ بِخَمۡسَةِ اٰلٰفٍ	(تو) تمہارا رب تمہاری مدد کرے گا پانچ ہزار
مِّنَ الۡمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيۡنَ ﴿125﴾	خاص نشان رکھنے والے فرشتوں سے۔ ﴿125﴾
وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشۡرٰى	اور نہیں بنایا اللہ نے اس کو مگر خوشخبری (کا ذریعہ)
لَكُمۡ وَلِتَطۡمَئِنَّ	تمہارے لیے اور تا کہ مطمئن ہو جائیں

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَذِلَّةٌ : ذلّت، ذلیل، ذلالت۔	مُنۡزَلِيۡنَ : نازل، نزول، شانِ نزول۔
فَاتَّقُوا، تَتَّقُوۡا : تقویٰ، متقی۔	تَصۡبِرُوۡا : صبر، صابر۔
تَشۡكُرُوۡنَ : شکر، شاکر، شکریہ، اظہارِ تشکر۔	فَوۡرِهِمۡ : فوراً، فوری طبی امداد۔
يَّكۡفِيَكُمۡ : کافی، کفایت۔	هٰذَا : ہٰذا، لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
يُّمِدَّكُمۡ، يُمۡدِدۡكُمۡ : مدد، امداد۔	بِخَمۡسَةِ : حواسِ خمسہ، خمس (پانچواں حصہ)۔
بِثَلٰثَةِ : ثلّث، تثلیث۔	بُشۡرٰى : بشارت، مبشر۔
الۡمَلٰٓئِكَةِ : مَلک، ملائکہ، ملک الموت۔	لِتَطۡمَئِنَّ : اطمینان، مطمئن، طمانیتِ قلب۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَاَنۡتُمۡ	اَذِلَّةٌ ❶	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ❷ (123)
اس حال میں کہ تم	کمزور تھے	پس تم سب ڈرو اللہ سے	تاکہ تم سب شکر گزار بن جاؤ

اِذۡ	تَقُوۡلُ	لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ	اَلَنۡ	يَّكۡفِيَكُمۡ ❸
جب	آپ کہہ رہے تھے	مومنوں سے	کیا نہیں ہے	کافی تمہیں

اَنۡ يُّمِدَّكُمۡ ❸	رَبُّكُمۡ	بِثَلٰثَةِ ❹ اٰلٰفٍ	مِّنَ الۡمَلٰٓئِكَةِ ❶
کہ مدد کرے تمہاری	تمہارا رب	تین ہزار کے ذریعے	فرشتوں میں سے

مُنۡزَلِيۡنَ ؕ (124)	بَلٰٓى ۙ اِنۡ	تَصۡبِرُوۡا	وَتَتَّقُوۡا
(جو) سب اُتارے جائیں	کیوں نہیں اگر	تم سب صبر کروگے	اور تم سب ڈرتے رہوگے

وَيَاۡتُوۡكُمۡ ❺	مِّنۡ فَوۡرِهِمۡ هٰذَا	يُمۡدِدۡكُمۡ ❸	رَبُّكُمۡ
اور وہ سب (کافر) چڑھ آئیں تم پر	اپنے جوش سے اسی (دم)	(تو) تمہاری مدد کرے گا	تمہارا رب

بِخَمۡسَةِ ❹ اٰلٰفٍ	مِّنَ الۡمَلٰٓئِكَةِ ❶	مُسَوِّمِيۡنَ (125)	وَمَا
پانچ ہزار کے ذریعے	فرشتوں میں سے	خاص نشان رکھنے والے	اور نہیں

جَعَلَهُ اللّٰهُ	اِلَّا	بُشۡرٰى ❹	لَكُمۡ	وَلِتَطۡمَئِنَّ ❻
بنایا اس کو اللہ نے	مگر	خوشخبری (کا ذریعہ)	تمہارے لیے	اور تاکہ مطمئن ہو جائیں

ضروری وضاحت

❶ یہاں "ة" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❷ "كُمۡ" اور "تـ" دونوں علامتوں کا ترجمہ "تم" ہے۔
❸ یہاں علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "ة" اور "ـٰی" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ
ممکن نہیں ہے۔ ❺ "وۡا" کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گرا دیتے ہیں۔ ❻ اگر علامت "لِـ" فعل کے
شروع میں ہو اور آخر میں زبر ہو تو اس "لِـ" کا ترجمہ "تاکہ" ہوتا ہے اور "تـ" مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قُلُوۡبُكُمۡ بِهٖ ؕ	تمہارے دل اس سے
وَمَا النَّصۡرُ اِلَّا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ	اور نہیں ہوتی مدد مگر اللہ ہی کی طرف سے
الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ ۙ﴿126﴾	(جو) غالب، حکمت والا ہے (یہ اس لیے ہے کہ)
لِيَقۡطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيۡنَ	تاکہ وہ کاٹ ڈالے ایک گروہ کو اُن لوگوں سے جنہوں نے
كَفَرُوۡۤا اَوۡ يَكۡبِتَهُمۡ	کفر کیا یا ذلیل و مغلوب کر دے اُنہیں
فَيَنۡقَلِبُوۡا خَآئِبِيۡنَ ﴿127﴾	پس وہ نامراد واپس لوٹیں۔ ﴿127﴾
لَيۡسَ لَكَ مِنَ الۡاَمۡرِ شَىۡءٌ	(اے نبی ﷺ) آپ کا (اس) معاملے میں کچھ (اختیار) نہیں
اَوۡ يَتُوۡبَ عَلَيۡهِمۡ اَوۡ يُعَذِّبَهُمۡ	(کہ) یا وہ اُن پر مہربانی کرے یا اُنہیں عذاب دے
فَاِنَّهُمۡ ظٰلِمُوۡنَ ﴿128﴾	بیشک وہ ظالم تو ہیں ہی۔ ﴿128﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا	اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو
فِى الۡاَرۡضِ ؕ يَغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ	زمین میں ہے، وہ بخشش دیتا ہے جس کو چاہتا ہے
وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ	اور وہ عذاب دیتا ہے جسے چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلُوۡبُكُمۡ	قلبِ اطہر، قلوب، قلبی تعلق۔	شَىۡءٌ	شے، اشیا۔
عِنۡدِ	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	يَتُوۡبَ	توبہ، تائب۔
الۡحَكِيۡمِ	حکیم، حکمت، حکما۔	ظٰلِمُوۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لِيَقۡطَعَ	قطع تعلقی، قطع رحمی، وضع قطع۔	مَا، فِى	ماحول، ماتحت، ماجرا، فی الحال، فی الفور۔
طَرَفًا	یک طرفہ، ایک طرف، اطراف۔	يَغۡفِرُ	مغفرت، استغفار۔
فَيَنۡقَلِبُوۡا	انقلاب۔	يُعَذِّبُ	عذاب۔
خَآئِبِيۡنَ	خائب و خاسر (ناکام)۔	يَّشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیئتِ الٰہی۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

قُلُوۡبُكُمۡ	بِهٖ ؕ	وَمَا النَّصۡرُ	اِلَّا	مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ
تمہارے دل	اس سے	اور نہیں ہوتی مدد	مگر	اللہ ہی کی طرف سے

الۡعَزِيۡزِ	الۡحَكِيۡمِ ۙ (126)	لِيَقۡطَعَ ❶	طَرَفًا ❷	مِّنَ الَّذِيۡنَ
(جو) غالب	حکمت والا ہے	تاکہ وہ کاٹ ڈالے	ایک گروہ کو	اُن لوگوں سے جن

كَفَرُوۡۤا	اَوۡ يَكۡبِتَهُمۡ	فَيَنۡقَلِبُوۡا	خَآئِبِيۡنَ ❸ (127)
سب نے کفر کیا	یا وہ ذلیل و مغلوب کردے اُنہیں	پس وہ سب واپس لوٹیں	نامراد

لَيۡسَ	لَكَ	مِنَ الۡاَمۡرِ شَىۡءٌ ❷❹	اَوۡ يَتُوۡبَ
(اے نبی ﷺ) نہیں	آپ کا	(اس) معاملے میں کچھ (اختیار)	(کہ) یا وہ مہربانی کرے

عَلَيۡهِمۡ	اَوۡ يُعَذِّبَهُمۡ	فَاِنَّهُمۡ	ظٰلِمُوۡنَ (128)
اُن پر	یا وہ عذاب دے اُنہیں	پس بیشک وہ	سب ظلم کرنے والے ہیں۔

وَلِلّٰهِ ❺	مَا فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الۡاَرۡضِ ؕ
اور اللہ کا ہے	جو کچھ آسمانوں میں ہے	اور جو	زمین میں ہے

يَغۡفِرُ	لِمَنۡ ❺	يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنۡ	يَّشَآءُ ؕ
وہ بخش دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور وہ عذاب دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے

ضروری وضاحت

❶ اگر علامت ”لِ“، فعل کے شروع میں ہو اور اس فعل کے آخر میں ”زبر“ ہو تو اس ”لِ“ کا ترجمہ ”تاکہ“ کیا جاتا ہے۔
❷ ”طَرَفًا“ کے ترجمے میں ”ایک“ اور ”شَيْءٌ“ کے ترجمے میں ”کچھ“ تنوین کی وجہ سے ہوا ہے۔ کیونکہ تنوین اسم کے عام ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ ❸ یہاں علامت ”يْنَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ ”مِنْ“ کا اصل ترجمہ ”سے“ ہے یہاں اس کا ترجمہ ”میں“ ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❺ اگر ”لِ“ اسم کے ساتھ ہو تو اس کا ترجمہ کبھی ”کا، کی، کو“ اور کبھی ”لیے“ ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع 13/9/4

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿129﴾ ع	اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا نہایت رحم کرنیوالا ہے۔ ﴿129﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! مت کھاؤ سود
اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ	کئی گنا بڑھا چڑھا کر اور اللہ سے ڈرتے رہو
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿130﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ	تاکہ تم نجات پاسکو۔ ﴿130﴾ اور بچو اس آگ سے
الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿131﴾	جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے۔ ﴿131﴾
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ	اور اطاعت کرو اللہ اور (اس کے) رسول ﷺ کی
لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿132﴾ وَسَارِعُوْٓا	تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ ﴿132﴾ اور جلدی کرو (لپکو)
اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ	اپنے رب کی بخشش اور اس جنت کی طرف
عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ	(کہ) اُس کا عرض آسمانوں اور زمین (کے برابر) ہے
اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿133﴾	وہ تیار کی گئی ہے پرہیزگاروں کے لیے۔ ﴿133﴾
الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ	جو خرچ کرتے ہیں خوشحالی اور تنگدستی (ہر حال) میں
وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ	اور غصہ پی جانے والے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غُفُوْرٌ ، مَغْفِرَةٍ : مغفرت، مرحوم ومغفور۔	اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
تَاْكُلُوا : اکل وشرب، ماکولات۔	عَرْضُهَا : طول وعرض (چوڑائی)۔
تُفْلِحُوْنَ : فلاح و بہبود، فلاحی ادارے۔	يُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
لِلْمُتَّقِيْنَ : تقویٰ، متقی۔	السَّرَّآءِ : مسرور، مسرّت (خوشی)۔
اَطِيْعُوا : اطاعت، مطیع۔	الضَّرَّآءِ : ضرر، مضرصحت۔
تُرْحَمُوْنَ : رحم، رحمت، رحیم وکریم۔	الْغَيْظَ : غیظ وغضب (غصہ)۔
سَارِعُوْٓا : سُرعت، سریع الحساب۔	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع 13 9 4

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ؏ (129)	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ ❶	اٰمَنُوْا	لَا تَاْكُلُوا ❷
اور اللہ بخشنے والا	نہایت رحم کرنیوالا ہے	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب مت کھاؤ

الرِّبٰوٓا	اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ❸ صؔ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ
سود	کئی گنا بڑھا چڑھا کر	اور	تم سب ڈرتے رہو	اللہ سے

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ❹ ج (130)	وَاتَّقُوا	النَّارَ الَّتِيْٓ	اُعِدَّتْ ❺	لِلْكٰفِرِيْنَ ج (131)
تاکہ تم سب نجات پاسکو	اور تم سب ڈرو	اس آگ سے جو	تیار کی گئی ہے	کافروں کے لیے

وَ	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ❹ ج (132)
اور	تم سب اطاعت کرو اللہ	اور (اُسکے) رسول کی	تاکہ تم سب پر رحم کیا جائے

وَسَارِعُوْٓا	اِلٰى مَغْفِرَةٍ ❸	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَجَنَّةٍ ❸	عَرْضُهَا
اور تم سب جلدی کرو	بخشش کی طرف	اپنے رب کی	اور جنت (کی طرف)	(کہ) اُسکی چوڑائی

السَّمٰوٰتُ ❸	وَالْاَرْضُ لا	اُعِدَّتْ ❺	لِلْمُتَّقِيْنَ لا (133)	الَّذِيْنَ
آسمانوں	اور زمین (کے برابر) ہے	وہ تیار کی گئی ہے	پرہیزگاروں کے لیے	وہ لوگ جو

يُنْفِقُوْنَ	فِي السَّرَّآءِ ❸	وَالضَّرَّآءِ ❸	وَالْكٰظِمِيْنَ	الْغَيْظَ
وہ سب خرچ کرتے ہیں	خوشحالی میں	اور تنگدستی (ہر حال) میں	اور سب پی جانے والے	غصہ

ضروری وضاحت

❶ "یا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔❷ "لَا" کے بعد اگر فعل کے آخر میں "وْا" ہوتو اس میں "کام نہ کرنے کا حکم" ہوتا ہے۔❸ "ۃ"، "ات" اور "آء" اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔
❹ "کُمْ" اور "تُ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔علامت "تُ" پر پیش ہو اور آخر سے پہلے زبر ہوتو اس میں "کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا" کا مفہوم ہوتا ہے۔❺ "تْ" فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ	اور درگزر کرنے والے ہیں لوگوں سے
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ (134)	اور اللہ پسند کرتا ہے نیکی کرنے والوں کو۔ (134)
وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً	اور یہ وہ لوگ ہیں جو جب کوئی بُرا کام کر بیٹھیں
اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ	یا ظلم کر بیٹھیں اپنے آپ پر (تو فوراً) اللہ کو یاد کرتے ہیں
فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠	پس معافی مانگتے ہیں اپنے گناہوں کی
وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۪ۙ	اور کون معاف کرسکتا ہے گناہوں کو اللہ کے سوا
وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا	اور وہ اصرار نہیں کرتے اُس پر جو انھوں نے کیا
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (135)	حالانکہ وہ جانتے ہوں (یعنی جان بوجھ کر اڑے نہیں رہتے)۔ (135)
اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ	یہی لوگ ہیں کہ ان کی جزا بخشش ہے
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ	ان کے رب کی طرف سے اور باغات ہیں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(کہ) بہتی ہوں گی ان کے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	(وہ) ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں اُن میں۔

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْعَافِيْنَ : عفو ودرگزر، معافی۔	ذَكَرُوا : ذکر، اذکار، مذکورہ، تذکرہ۔
النَّاسِ : عوام النّاس، عامۃ النّاس۔	فَاسْتَغْفَرُوْا، يَغْفِرُ : استغفار، مغفرت۔
يُحِبُّ : حب، محبوب، محبّ، محبت۔	يُصِرُّوْا : اصرار، مصر (اڑے رہنا)۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسن، احسانات۔	يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
فَعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔	جَزَآؤُهُمْ : جزاوسزا، جزائے خیر، جزاک اللہ خیرا۔
ظَلَمُوْٓا : ظلم، ظالم، مظلوم۔	تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسا نفسی، نفسانی خواہش۔	خٰلِدِيْنَ : خُلدِ بریں، خالد (ہمیشگی کی جگہ)۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَالۡعَافِيۡنَ	عَنِ النَّاسِ	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ ❶	الۡمُحۡسِنِيۡنَ ۚ (134)
اور سب درگزر کرنے والے ہیں	لوگوں سے	اور اللہ	پسند کرتا ہے	نیکی کرنے والوں کو

وَ	الَّذِيۡنَ	اِذَا فَعَلُوۡا	فَاحِشَةً ❷❸	اَوۡ ظَلَمُوۡۤا
اور	وہ لوگ جو	جب وہ سب کر بیٹھیں	کوئی برا کام	یا وہ سب ظلم کر بیٹھیں

اَنۡفُسَهُمۡ	ذَكَرُوا اللّٰهَ	فَاسۡتَغۡفَرُوۡا	لِذُنُوۡبِهِمۡ ۖ
اپنے آپ پر	(تو فوراً) سب یاد کرتے ہیں اللہ کو	پس وہ سب معافی مانگتے ہیں	اپنے گناہوں کی

وَمَنۡ	يَّغۡفِرُ ❶	الذُّنُوۡبَ	اِلَّا اللّٰهُ ۖ	وَلَمۡ	يُصِرُّوۡا
اور کون	معاف کرسکتا ہے	گناہوں کو	اللہ کے سوا	اور نہیں	وہ سب اصرار کرتے

عَلٰى مَا	فَعَلُوۡا	وَ	هُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ❹ (135)	اُولٰٓئِكَ ❺
اُس پر جو	اُن سب نے کیا	حالانکہ	وہ سب جانتے ہوں	یہی لوگ ہیں کہ

جَزَآؤُهُمۡ	مَّغۡفِرَةٌ ❷	مِّنۡ رَّبِّهِمۡ	وَجَنّٰتٌ ❷
ان کی جزا	بخشش ہے	اِن کے رب کی طرف سے	اور باغات ہیں

تَجۡرِیۡ ❻	مِنۡ تَحۡتِهَا	الۡاَنۡهٰرُ	خٰلِدِيۡنَ	فِيۡهَا ؕ
(کہ) بہتی ہوں گی	انکے نیچے سے	نہریں	(وہ) سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت ”یـ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ”ۃ“ اور ”ات“ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ”کوئی“ کیا گیا ہے۔ ❹ ”هُمۡ“ اور ”یـ“ دونوں کا ترجمہ ”وہ“ ہے۔ ❺ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ ”وہ“ ہے، قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بات میں زور پیدا کرنے کے لیے ذٰلِكَ تِلۡكَ، اُولٰٓئِكَ کا استعمال فرمایا ہے۔ ❻ تَجۡرِیۡ میں علامت ”تـ“ مؤنث کے لیے ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿136﴾	اور (بہت) اچھا بدلہ ہے (اچھے) کام کرنیوالوں کا۔ ﴿136﴾
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ	یقیناً گزر چکے ہیں تم سے پہلے بہت سے واقعات
فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا	تو چلو پھرو زمین میں پس دیکھو
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿137﴾	(کہ) کیسا ہوا جھٹلانے والوں کا انجام۔ ﴿137﴾
هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى	یہ (عام) لوگوں کے لیے واضح بیان ہے اور ہدایت
وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿138﴾	اور نصیحت ہے ڈرنے والوں کے لیے۔ ﴿138﴾
وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ	اور تم ہمت نہ ہارو اور نہ غم کرو اور تم ہی غالب ہو گے
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿139﴾	اگر تم ہو (سچے) مومن۔ ﴿139﴾
اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ	اگر پہنچا ہے تمہیں (شکست کا) صدمہ تو یقیناً پہنچ چکا ہے
الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ	(اس سے قبل کافر) قوم کو بھی اس جیسا صدمہ
وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا	اور یہ (فتح و شکست کے) دن ہم بدلتے رہتے ہیں انہیں
بَيْنَ النَّاسِ ۚ	لوگوں کے درمیان

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نِعْمَ : نعم البدل، نعمت، انعام۔	عَاقِبَةُ، لِّلْمُتَّقِيْنَ : عاقبت (انجام)، تقویٰ، متقی۔
الْعٰمِلِيْنَ : عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	الْمُكَذِّبِيْنَ : کاذب، کذاب، کذب بیانی۔
سُنَنٌ : سنّت، اہل سنّت، سنن نبویہ۔	هٰذَا : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
فَسِيْرُوْا : سیر و سیاحت۔	مَوْعِظَةٌ : وعظ و نصیحت، واعظ، واعظین کرام۔
فِى، الْاَرْضِ : فی الحال، فی الفور / ارض و سما، اراضی۔	تَحْزَنُوْا : حزن و ملال، عام الحزن (غم)۔
فَانْظُرُوْا : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔	الْاَعْلَوْنَ : عالی مقام، علو، اعلیٰ، عالی شان۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔	يَّمْسَسْكُمْ، مَسَّ : مس کرنا (چھونا)۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَنِعۡمَ	اَجۡرُ الۡعٰمِلِيۡنَ (136)	قَدۡ خَلَتۡ ❶	مِنۡ قَبۡلِكُمۡ
اور (بہت) اچھا	بدلہ ہے (اچھے) کام کرنیوالوں کا	یقیناً گزر چکے ہیں	تم سے پہلے

سُنَنٌ ۙ	فَسِيۡرُوۡا	فِى الۡاَرۡضِ	فَانۡظُرُوۡا	كَيۡفَ
بہت سے واقعات	تو تم سب چلو پھرو	زمین میں	پس تم سب دیکھو (کہ)	کیسا

كَانَ	عَاقِبَةُ ❷	الۡمُكَذِّبِيۡنَ (137)	هٰذَا بَيَانٌ	لِّلنَّاسِ
ہوا	انجام	سب جھٹلانے والوں کا	یہ واضح بیان ہے	(عام) لوگوں کے لیے

وَهُدًى	وَّمَوۡعِظَةٌ ❷	لِّلۡمُتَّقِيۡنَ (138)	وَلَا	تَهِنُوۡا	وَلَا
اور ہدایت	اور نصیحت ہے	ڈرنے والوں کے لیے	اور نہ	تم سب ہمت ہارو	اور نہ

تَحۡزَنُوۡا	وَ	اَنۡتُمُ الۡاَعۡلَوۡنَ ❸	اِنۡ كُنۡتُمۡ	مُّؤۡمِنِيۡنَ (139)
تم سب غم کرو	اور	تم سب ہی غالب ہوگے	اگر ہو تم	سب (سچے) مومن

اِنۡ يَّمۡسَسۡكُمۡ ❹	قَرۡحٌ	فَقَدۡ	مَسَّ الۡقَوۡمَ	قَرۡحٌ
اگر پہنچا ہے تمہیں (شکست کا)	صدمہ	تو یقیناً	پہنچ چکا ہے (کافر) قوم کو بھی	صدمہ

مِّثۡلُهٗ ؕ	وَ	تِلۡكَ الۡاَيَّامُ ❺	نُدَاوِلُهَا	بَيۡنَ النَّاسِ ۚ
اس جیسا	اور	یہ (فتح وشکست کے) دن	ہم بدلتے رہتے ہیں انہیں	لوگوں کے درمیان

ضروری وضاحت

❶ ”تْ“ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ ”ة“ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ ”اَنۡتُمۡ“ کے بعد اگر ”اَلۡ“ ہو تو ترجمہ ”ہی“ کیا جاتا ہے یعنی اس سے بات میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔ ❹ یہاں ”يَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے ❺ ”تِلۡكَ“ کا اصل ترجمہ ”وہ“ ہے، ضرورتاً ترجمہ ”یہ“ کر دیا جاتا ہے۔ دراصل جب بات میں زور پیدا کرنا ہو تو ”ذٰلِكَ، تِلۡكَ، اُولٰٓئِكَ“ کا استعمال ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ	اور اس لیے (بھی کہ) اللہ جاننا چاہتا ہے ان لوگوں کو جو
اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ	ایمان لائے اور وہ بنانا چاہتا ہے تم میں سے (کچھ کو)
شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿140﴾	شہید اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ ﴿140﴾
وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ	اور اس لیے (بھی کہ) اللہ چھانٹ لے اُن لوگوں کو جو
اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿141﴾	ایمان لائے اور ملیامیٹ کر دے کافروں کو۔ ﴿141﴾
اَمْ حَسِبْتُمْ	کیا تم نے یہ سمجھ لیا ہے
اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ	کہ تم جنت میں ایسے ہی داخل ہو جاؤ گے
وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ	اور (جبکہ) ابھی تک نہیں دیکھا اللہ نے
الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ	اُن لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا ہو تم میں سے
وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿142﴾	اور (اس لیے کہ) وہ معلوم کر لے صبر کرنیوالوں کو۔ ﴿142﴾
وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ	اور البتہ تحقیق تم تھے تمنا کرتے موت (شہادت) کی
مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠	اس سے قبل کہ تمہیں نصیب ہو وہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيَعْلَمَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	تَدْخُلُوا	داخل، دخول، وزیر داخلہ۔
اٰمَنُوْا	ایمان، مومن، امن۔	الْجَنَّةَ	جنت (باغ) جنت الفردوس۔
يَتَّخِذَ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	جٰهَدُوْا	جہاد، جدوجہد، مجاہد۔
شُهَدَآءَ	شہید، شہادت، شہداء۔	الصّٰبِرِيْنَ	صبر، صابر۔
يُحِبُّ	حُبّ، حبیب، محبّ، محبت۔	تَمَنَّوْنَ	تمنا، متمنی شرکت۔
الظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	قَبْلِ	قبل از غذا، قبل از وقت۔
الْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار۔	تَلْقَوْهُ	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	لِيَعْلَمَ اللّٰهُ ❶❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَيَتَّخِذَ
اور	اس لیے (بھی کہ) اللہ جاننا چاہتا ہے	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور وہ بنانا چاہتا ہے

مِنْكُمْ	شُهَدَآءَ ❸ ط	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ ❶	الظّٰلِمِيْنَ (140) لا
تم میں سے	(کچھ کو) شہید	اور اللہ تعالیٰ	پسند نہیں کرتا	ظالموں کو

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ ❶❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَيَمْحَقَ
اور (اس لیے بھی کہ) تاکہ چھانٹ لے اللہ	اُن لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور وہ ملیامیٹ کردے

الْكٰفِرِيْنَ (141) لا	اَمْ حَسِبْتُمْ	اَنْ تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ ❹
کافروں کو	کیا تم نے (یہ) سمجھ لیا ہے	کہ تم سب داخل ہو جاؤ گے	جنت میں (ایسے ہی)

وَلَمَّا	يَعْلَمِ اللّٰهُ ❷	الَّذِيْنَ	جٰهَدُوْا	مِنْكُمْ
اور (جبکہ) ابھی تک نہیں	معلوم کیا اللہ نے	اُن لوگوں کو جن	سب نے جہاد کیا ہو	تم میں سے

وَيَعْلَمَ	الصّٰبِرِيْنَ (142)	وَلَقَدْ ❺	كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ ❻
اور (اس لیے کہ) وہ معلوم کرلے	صبر کرنیوالوں کو	اور البتہ تحقیق	تھے تم سب تمنا کرتے

الْمَوْتَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَلْقَوْهُ ❼ ص
موت (شہادت) کی	(اس) سے قبل	کہ	تم سب کو نصیب ہو وہ

ضروری وضاحت

❶ اگر علامت "لِ" فعل کے شروع میں ہو اور آخر میں زبر ہو تو اس "لِ" کا ترجمہ "تاکہ یا اس لیے" کیا جاتا ہے۔ ❷ علامت "یِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یہاں "آءَ" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❹ "ةَ" واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "لَ" اور "قَدْ" فعل میں تاکید کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ❻ "تُمْ" اور علامت "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❼ "و" کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع 14 14 5

فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ
پس تحقیق (اب تو) تم نے دیکھ لیا اُسے

وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ع (143)
اس حال میں کہ تم (کھلی آنکھوں سے) دیکھ رہے ہو۔ ع (143)

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ج
اور نہیں ہیں محمد ﷺ مگر ایک رسول

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط
یقیناً گزر چکے ہیں ان سے پہلے بہت رسول

اَفَا۟ئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ
کیا پس اگر وہ وفات پا جائیں یا شہید کر دیے جائیں

انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ط
(تو کیا) تم پھر جاؤ گے اپنی ایڑھیوں کے بل (اُلٹے پاؤں)

وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ
اور جو پھر جائے اپنی ایڑھیوں کے بل (اُلٹے پاؤں)

فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا ط
تو ہرگز نہیں وہ بگاڑ سکے گا اللہ کا کچھ بھی

وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ (144)
اور عنقریب اللہ (اچھا) بدلہ دے گا شکر گزاروں کو۔ (144)

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ
اور نہیں ہے (کوئی اختیار) کسی جان کو کہ وہ مرے

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ط
مگر اللہ کے اذن سے (موت کا) مقررہ وقت لکھا ہوا ہے

وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا
اور جو چاہے بدلہ (اپنے اعمال کا) دنیا (میں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَاَيْتُمُوْهُ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
تَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر۔
مَّاتَ، تَمُوْتَ : موت، میّت، اموات۔
قُتِلَ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
انْقَلَبْتُمْ، يَّنْقَلِبْ : انقلاب۔
يَّضُرَّ : ضرر رساں، مضر صحت۔
شَيْئًا : شے، اشیا۔

سَيَجْزِى : جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ خیرا۔
الشّٰكِرِيْنَ : شکر، شاکر، مشکور، اظہار تشکر۔
لِنَفْسٍ : نفس، نفسا نفسی، نفسانی۔
بِاِذْنِ : اذن عام، باذن اللہ۔
مُّؤَجَّلًا : مہر مؤجل، اجل۔
يُّرِدْ : ارادہ، مراد، مرید۔
ثَوَابَ : ثواب، ایصال ثواب۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ع 14 14 5

فَقَدْ	رَاَيْتُمُوْهُ ❶	وَ	اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ❷ ع (143)	وَمَا ❸
پس تحقیق	(اب تو) تم نے دیکھ لیا اُسے	اور	تم سب (کھلی آنکھوں سے) دیکھ رہے ہو	اور نہیں ہیں

مُحَمَّدٌ	اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ	قَدْ خَلَتْ ❹	مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ ۭ
محمد ﷺ	مگر ایک رسول	یقیناً گزر چکے ہیں	ان سے پہلے	(بہت سے) رسول

اَفَاۡئِنْ ❺	مَّاتَ	اَوْ قُتِلَ	انْقَلَبْتُمْ	عَلٰٓي اَعْقَابِكُمْ ۭ
کیا پس اگر	وہ وفات پا جائیں	یا شہید کر دیے جائیں	(تو کیا) تم پھر جاؤ گے	اپنی ایڑھیوں کے بل

وَمَنْ	يَّنْقَلِبْ ❻	عَلٰي عَقِبَيْهِ ❼	فَلَنْ	يَّضُرَّ اللّٰهَ
اور جو	پھر جائے	اپنی ایڑھیوں پر (اُلٹے پاؤں)	تو ہرگز نہیں	وہ بگاڑ سکے گا اللہ کا

شَيْـــًٔـا ۭ	وَ	سَيَجْزِي اللّٰهُ ❻	الشّٰكِرِيْنَ (144)	وَمَا	كَانَ
کچھ بھی	اور	عنقریب اللہ (اچھا) بدلہ دے گا	شکر گزاروں کو	اور نہیں	ہے (کوئی اختیار)

لِنَفْسٍ	اَنْ تَمُوْتَ ❽	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	كِتٰبًا
کسی جان کو	کہ وہ مرے	مگر	اللہ کے اِذن سے	لکھا ہوا ہے

مُّؤَجَّلًا ۭ	وَمَنْ	يُّرِدْ ❻	ثَوَابَ الدُّنْيَا
(موت کا) مقررہ وقت	اور جو	چاہے	بدلہ (اپنے اعمال کا) دنیا میں

ضروری وضاحت

❶علامت ”تُمْ“ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو درمیان میں ”وْ“ کا اضافہ کرتے ہیں۔❷”تُمْ“ اور ”تَ“ دونوں کا ترجمہ ”تم“ ہے۔❸”مَا“ کے بعد اگر اُسی جملے میں لفظ ”اِلَّا“ آ رہا ہو تو اس ”مَا“ کا ترجمہ ”نہیں“ کیا جاتا ہے۔❹”تْ“ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❺یہ ”اَ + فَ + اِنْ“ کا مجموعہ ہے۔❻علامت ”یَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❼یعنی ”ایڑھیوں کے بل“۔❽یہاں ”تَ“ واحد مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ	(تو) ہم دے دیتے ہیں اُسے اِس (دنیا میں) سے
وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ	اور جو آخرت کا بدلہ چاہتا ہو
نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ	(تو) ہم دیں گے اُسے اس (آخرت) میں
وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ﴿145﴾	اور عنقریب ہم (اچھا) بدلہ دیں گے شکر گزاروں کو۔ ﴿145﴾
وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ	اور کتنے ہی نبی (ایسے گزرے ہیں کہ) جہاد کیا
مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ	ان کے ساتھ (مل کر) بہت سے اللہ والوں نے
فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ	پس نہ (تو) انہوں نے ہمت ہاری اُس پر جو
اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	مصائب در پیش ہوئے اُنہیں اللہ کے راستے میں
وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ	اور نہ انہوں نے کمزوری دکھائی اور نہ وہ (کافروں سے) دبے
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿146﴾	اور اللہ پسند کرتا ہے صبر کرنے والوں کو۔ ﴿146﴾
وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا	اور نہیں تھا اُن کا قول (اس موقع پر) مگر یہ کہ انہوں نے کہا
رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا	اے ہمارے رب! معاف فرما ہمارے گناہوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْهَا	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	رِبِّيُّوْنَ	رب، ربوبیّت، مربّی۔
يُرِدْ	ارادہ، مراد، مرید۔	اَصَابَهُمْ	مصیبت (پہنچنا)۔
الْاٰخِرَةِ	فکر آخرت، اُخروی زندگی۔	فِيْ	فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
سَنَجْزِي	جزا و سزا، جزاک اللہ خیرا۔	ضَعُفُوْا	ضعف، جرم ضعیفی، ضعفِ جگر۔
الشّٰكِرِيْنَ	شکر، شاکر، مشکور، اظہار تشکر۔	يُحِبُّ	حب، محبّ، محبت، حبیب۔
قٰتَلَ	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	الصّٰبِرِيْنَ	صبر، صابر۔
مَعَهٗ	مع اہل و عیال، معیّت۔	اِلَّآ	الاّ قلیل، الا ماشاء اللہ، الا یہ کہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

نُؤْتِهٖ	مِنْهَا ج	وَمَنْ	يُّرِدْ ❶	ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ ❷
(تو) ہم دے دیتے ہیں اُسے	اِس (دنیا) میں	اور جو	چاہتا ہو	آخرت کا بدلہ

نُؤْتِهٖ	مِنْهَا ط	وَسَنَجْزِی	الشّٰكِرِيْنَ (145)
(تو) ہم دیں گے اُسے	اُس (آخرت) میں	اور عنقریب ہم بدلہ دیں گے	شکرگزاروں کو

وَكَاَيِّنْ	مِّنْ نَّبِيٍّ ❸	قٰتَلَ لا	مَعَهٗ	رِبِّيُّوْنَ
اور کتنے ہی	نبی (ایسے گزرے ہیں کہ)	جہاد کیا	ان کے ساتھ (مل کر)	اللہ والوں نے

كَثِيْرٌ ج	فَمَا وَهَنُوْا	لِمَآ	اَصَابَهُمْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بہت سے	پس نہ تو اُن سب نے ہمت ہاری	اُس پر جو	مصائب اُنہیں پہنچے	اللہ کے راستے میں

وَمَا	ضَعُفُوْا	وَمَا	اسْتَكَانُوْا ط	وَاللّٰهُ
اور نہ	اُن سب نے کمزوری دکھائی	اور نہ	وہ سب (کافروں سے) دبے	اور اللہ

يُحِبُّ	الصّٰبِرِيْنَ (146)	وَمَا ❹	كَانَ	قَوْلَهُمْ	اِلَّآ ❹
پسند کرتا ہے	صبر کرنے والوں کو	اور نہیں	تھا	اُنکا قول (اس موقع پر)	مگر

اَنْ	قَالُوْا	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا ❺	ذُنُوْبَنَا ❻
یہ کہ	اُن سب نے کہا	اے ہمارے رب!	ہمیں معاف فرما	ہمارے گناہوں کو

ضروری وضاحت

❶علامت ”يِ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ” ۃ “ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ یہاں ”مِنْ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹”مَا“ کے بعد اگر اُسی جملے میں لفظ ”اِلَّا“ آ رہا ہو تو ”مَا“ کا ترجمہ ”نہیں“ کرتے ہیں۔ ❺ ”لَنَا“ میں ” لَ “ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ ”نَا“ اگر اسم کے آخر میں آئے تو اس کا ترجمہ ”ہمارا، ہماری، ہمارے“ یا ”اپنا، اپنی، اپنے“ کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَاِسۡرَافَنَا فِيۡۤ اَمۡرِنَا	اور ہماری زیادتیوں کو اپنے کام میں
وَثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا	اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور ہماری مدد فرما
عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿147﴾ فَاٰتٰٮهُمُ اللّٰهُ	کافر قوم پر۔ ﴿147﴾ پس دیا اُنہیں اللہ نے
ثَوَابَ الدُّنۡيَا وَحُسۡنَ ثَوَابِ الۡاٰخِرَةِ ؕ	دنیا کا بدلہ اور بہترین اجر آخرت کا (بھی)
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿148﴾ ع	اور اللہ تعالیٰ محبت رکھتا ہے نیکی کرنیوالوں سے۔ ﴿148﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ تُطِيۡعُوا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم کہا مانو گے
الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا يَرُدُّوۡكُمۡ	اُن کا جنہوں نے کفر کیا (تو) وہ پھیر دیں گے تمہیں
عَلٰٓى اَعۡقَابِكُمۡ	(اسلام سے) تمہاری ایڑھیوں کے بل (اُلٹے پاؤں)
فَتَنۡقَلِبُوۡا خٰسِرِيۡنَ ﴿149﴾	تو تم پلٹو گے خسارہ پانے والے (بن کر)۔ ﴿149﴾
بَلِ اللّٰهُ مَوۡلٰٮكُمۡ ۚ	بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) اللہ ہی تمہارا سرپرست ہے
وَهُوَ خَيۡرُ النّٰصِرِيۡنَ ﴿150﴾	اور وہ بہترین مددگار ہے۔ ﴿150﴾
سَنُلۡقِىۡ فِىۡ قُلُوۡبِ	عنقریب ہم ڈال دیں گے (اُن کے) دلوں میں

ع 15 5 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِسۡرَافَنَا : اسراف۔	يَرُدُّوۡكُمۡ : ردّ، مردود، مرتدّ۔
ثَبِّتۡ : ثابت قدمی، ثبوت، مثبت۔	فَتَنۡقَلِبُوۡا : انقلاب۔
اَقۡدَامَنَا : قدم، اقدام، مقدم۔	خٰسِرِيۡنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
الۡكٰفِرِيۡنَ : کفر، کافر، کفار۔	بَلِ : بلکہ۔
يُحِبُّ : حب، محبّ، محبوب، محبت، حبیب۔	النّٰصِرِيۡنَ : نصرت، ناصر، منصور، انصار۔
الۡمُحۡسِنِيۡنَ : محسن، احسان۔	سَنُلۡقِىۡ : اِلقاء (ڈالنا)۔
تُطِيۡعُوا : اطاعت، مطیع۔	قُلُوۡبِ : قلب اطہر، قلبی تعلق۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	اِسْرَافَنَا	فِيْٓ اَمْرِنَا	وَثَبِّتْ ❶	اَقْدَامَنَا
اور	ہماری زیادتیوں کو	اپنے کام میں	اور ثابت رکھ	ہمارے قدم

وَ	انْصُرْنَا	عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ❷ (147)	فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ
اور	ہماری مدد فرما	کافر قوم پر	پس دیا اُنہیں اللہ نے

ثَوَابَ الدُّنْيَا	وَحُسْنَ	ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ❸ ط	وَاللّٰهُ
دنیا کا بدلہ	اور بہترین	اجر آخرت کا بھی	اور اللہ تعالیٰ

ع 15 5 6

يُحِبُّ ❹	الْمُحْسِنِيْنَ (148) ع	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ❺	اٰمَنُوْٓا	اِنْ
محبت رکھتا ہے	نیکی کرنیوالوں سے	اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	اگر

تُطِيْعُوا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَرُدُّوْكُمْ
تم سب اطاعت کرو گے	اُن لوگوں کی جن	سب نے کفر کیا	(تو) وہ پھیر دیں گے تمہیں

عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ❻	فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ ❼ (149)	بَلِ اللّٰهُ
تمہاری ایڑھیوں پر	پس تم سب پلٹو گے	خسارہ پانے والے بن کر	بلکہ اللہ (ہی)

مَوْلٰىكُمْ ج	وَهُوَ	خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ❼ (150)	سَنُلْقِيْ	فِيْ قُلُوْبِ
تمہارا سرپرست ہے	اور وہ	بہترین مددگار	عنقریب ہم ڈال دیں گے	(اُنکے) دلوں میں

ضروری وضاحت

❶ یہ ”تْ“ واحد مؤنث کی علامت نہیں ہے بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❷ لفظِ ”قَوْم“ واحد استعمال ہوتا ہے لیکن اس میں زیادہ افراد ہوتے ہیں، اس لیے اس کی صفت ”اَلْكٰفِرِيْنَ“ میں ”يْنَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ علامت ”ة“ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ ”يُ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ ”يَا“ اور ”اَيُّهَا“ دونوں کا ترجمہ ”اے“ کیا جاتا ہے۔ ❻ یعنی تمہیں ”تمہاری ایڑھیوں کے بل“ پھیر دیں گے۔ ❼ ”يْنَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ	جنھوں نے کفر کیا (تمہارا) رعب
بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ	اس وجہ سے کہ اُنھوں نے شریک بنایا ہے اللہ کا
مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ	جو (کہ) اس نے نہیں اُتاری اس کی کوئی دلیل
وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ	اور اُن کا ٹھکانا آگ ہے
وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ (151)	اور ظالموں کا بُرا ٹھکانا ہے۔ (151)
وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ	اور البتہ تحقیق اللہ نے تمھیں سچا کر دکھایا اپنا وعدہ
اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ	جب تم قتل کر رہے تھے اُنہیں اس کے حکم سے
حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ	یہاں تک کہ جب تم نے ہمت ہار دی اور باہم جھگڑنے لگے
فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ	(پیغمبر کے) حکم میں اور تم نے نافرمانی کی اسکے بعد کہ
اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ	اُس نے دکھادیا تمہیں وہ (مالِ غنیمت) جو تم پسند کرتے تھے
مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا	تم میں سے (کچھ ایسے تھے) جو دنیا چاہتے تھے
وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ	اور تم میں سے (کچھ ایسے تھے) جو آخرت چاہتے تھے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔	حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔
اَشْرَكُوْا : شرک، مشرک، شریک، شراکت۔	تَنَازَعْتُمْ : تنازعہ، متنازعہ (جھگڑا)۔
يُنَزِّلْ : نازل، نزول، شانِ نزول۔	فِي، الْاَمْرِ : فی الحال، فی الفور/ امر، آمر، مامور۔
مَاْوٰىهُمْ : ملجا و ماوی (ٹھکانا)۔	عَصَيْتُمْ : معصیت، معاصی (گناہ)۔
صَدَقَكُمْ : صدق وصفا، صداقت۔	اَرٰىكُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی اور غیر مرئی اشیا۔
وَعْدَهٗ : وعدہ، وعید۔	تُحِبُّوْنَ : حب، محبّ، محبت، محبوب۔
بِاِذْنِهٖ : اذنِ عام، باذن اللہ۔	يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الَّذِيْنَ كَفَرُوا	الرُّعْبَ	بِمَآ ❶	اَشْرَكُوْا	بِاللّٰهِ
جن سب نے کفر کیا	(تمہارا) رُعب	اس وجہ سے کہ	اُن سب نے شریک بنایا	اللہ کا

مَالَمْ	يُنَزِّلْ ❷	بِهٖ	سُلْطٰنًا ❸ ج	وَمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ ط
جو (کہ) نہیں	اس نے اُتاری	اس کی	کوئی دلیل	اور اُنکا ٹھکانا	آگ ہے

وَبِئْسَ	مَثْوَى	الظّٰلِمِيْنَ (151)	وَلَقَدْ	صَدَقَكُمُ اللّٰهُ
اور بُرا ہے	ٹھکانا	ظالموں کا	اور تحقیق البتہ	سچا کر دکھایا تمہیں اللہ نے

وَعْدَهٗٓ	اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ	بِاِذْنِهٖ ج	حَتّٰٓى اِذَا	فَشِلْتُمْ
اپنا وعدہ	جب تم قتل کر رہے تھے اُنہیں	اسکے حکم سے	یہاں تک کہ جب	تم نے ہمت ہار دی

وَتَنَازَعْتُمْ ❹	فِي الْاَمْرِ	وَعَصَيْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ مَآ ❺
اور تم باہم جھگڑنے لگے	(پیغمبر کے) حکم میں	اور تم نے نافرمانی کی	اسکے بعد کہ

اَرٰىكُمْ	مَّا	تُحِبُّوْنَ ط	مِنْكُمْ	مَّنْ
اُس نے دکھا دیا تمہیں	(مال غنیمت) جو	تم سب پسند کرتے تھے	تم میں سے	(کچھ ایسے تھے) جو

يُّرِيْدُ الدُّنْيَا ❷	وَمِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرِيْدُ ❷	الْاٰخِرَةَ ❻ ج
چاہتے تھے دنیا	اور تم میں سے	(کچھ ایسے تھے) جو	چاہتے تھے	آخرت

ضروری وضاحت

❶ کبھی ''مَا'' کا ترجمہ ''کہ'' بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں علامت ''یـ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یہاں ''تنوین'' اسم کے عام ہونے پر دلالت کرتی ہے اس لیے ترجمہ ''کوئی'' کیا گیا ہے۔ ❹ یہاں علامت ''تـ'' اور ''ا'' دونوں میں ''کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم'' ہے۔ ❺ لفظ ''بَعْدِ'' سے پہلے اگر ''مِنْ'' ہو تو ''مِنْ'' کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اگر ''بَعْدِ'' کے بعد ''مَا'' ہو تو ترجمہ ''کہ'' کیا جاتا ہے۔ ❻ ''ۃ'' اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ	پھر اُس نے تمہیں پھیر دیا اُن سے (پسپا کردیا)
لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ	تا کہ وہ آزمائش کرے تمہاری
وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۗ	اور البتہ تحقیق (پھر) اُس نے معاف کردیا تمہیں
وَاللّٰهُ ذُوْفَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿152﴾	اور اللہ مومنوں پر فضل کرنے والا ہے۔ ﴿152﴾
اِذْ تُصْعِدُوْنَ	(وہ وقت یاد کرو) جب تم چڑھے جارہے تھے (پہاڑ پر)
وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ	اور نہیں پلٹ کر دیکھتے تھے کسی کو
وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ	اور رسول تمہیں بلا رہے تھے تمہارے پیچھے سے
فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ	تو پہنچایا تمہیں (بدلے میں) غم پر غم
لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ	تا کہ تم غم نہ کرو اُس چیز پر جو تم سے چھن گئی ہے
وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۗ	اور نہ (اُس مصیبت پر) جو تمہیں پہنچی ہے
وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿153﴾	اور اللہ خوب خبردار ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو ﴿153﴾
ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ	پھر اس نے نازل فرمائی تم پر اس غم کے بعد

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَرَفَكُمْ : صرف نظر (پھیرنا)۔	تَحْزَنُوْا : حزن، عام الحزن۔
لِيَبْتَلِيَكُمْ : ابتلا، مبتلا۔	مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، ماورائے عدالت۔
عَفَا : عفو و درگزر، معافی۔	فَاتَكُمْ : فوت، وفات، فوتگی۔
ذُو : ذومعنی، ذومال۔	اَصَابَكُمْ : مصیبت (پہنچنا)۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : مومن، ایمان، امن۔	خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر۔
عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
يَدْعُوْكُمْ : دعا، دعوت، مدعو، داعی۔	اَنْزَلَ : نازل، نزول، شانِ نزول۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

ثُمَّ صَرَفَكُمْ	عَنْهُمْ	لِيَبْتَلِيَكُمْ ج	وَلَقَدْ	عَفَا
پھر اُس نے پھیر دیا تمہیں	اُن سے	تاکہ وہ آزمائش کرے تمہاری	اور البتہ تحقیق	اُس نے درگزر کیا

عَنْكُمْ ط	وَاللّٰهُ	ذُوْ فَضْلٍ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ (152)
تم سے	اور اللہ	فضل (کرنے) والا ہے	مومنوں پر

اِذْ	تُصْعِدُوْنَ	وَلَا	تَلْوٗنَ	عَلٰٓى اَحَدٍ	وَّالرَّسُوْلُ
جب	تم سب (پہاڑ پر) چڑھے جا رہے تھے	اور نہیں	تم سب پلٹ کر دیکھتے تھے	کسی کو	اور رسول

يَدْعُوْكُمْ ❶	فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ ❷	فَاَثَابَكُمْ	غَمًّاۢ بِغَمٍّ ❸
بلا رہے تھے تمہیں	تمہارے پیچھے سے	تو پہنچایا تمہیں	غم پر غم

لِّكَيْلَا ❹	تَحْزَنُوْا	عَلٰى مَا	فَاتَكُمْ	وَلَا مَآ
تاکہ نہ	تم سب غم کرو	اُس چیز پر جو	تم سے چھن گئی ہے	اور نہ (اُس مصیبت پر) جو

اَصَابَكُمْ ط	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌۢ ❺	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ (153)
تمہیں پہنچی	اور اللہ	خوب خبردار ہے	اس سے جو	تم سب عمل کرتے ہو

ثُمَّ	اَنْزَلَ ❻	عَلَيْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ ❼
پھر	اس نے نازل فرمائی	تم پر	(اس) غم کے بعد

ضروری وضاحت

❶ علامت ''یَ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ''فِیْ'' کا ترجمہ ضرورتاً ''سے'' کیا گیا ہے۔ ❸ مراد یہ ہے کہ ''بہت غم پہنچایا'' ہے۔ ❹ یہ دراصل ''لِ + کَیْ + لَا'' کا مجموعہ ہے اور ''لِ + کَیْ'' دونوں کا ترجمہ تاکہ ہے۔ ❺ ''خَبِیْرٌ'' اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ''خوب'' کیا گیا ہے۔ ❻ ''اَنْزَلَ'' میں علامت ''اَ'' معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے، ''نَزَلَ'' اترا ''اَنْزَلَ'' اتارا۔ ❼ یہاں ''مِنْ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى	تسلی، اونگھ (کی صورت میں جو) طاری ہوئی
طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ	ایک گروہ پر تم میں سے، اور ایک گروہ تھا (کہ)
قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ	تحقیق فکر پڑی تھی ان کو اپنی جانوں کی
يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ	وہ گمان رکھتے تھے اللہ پر ناحق
ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ	جاہلیت جیسا گمان، وہ کہہ رہے تھے کہ
هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ	کیا اس معاملے میں ہمارا بھی کچھ (اختیار) ہے؟
قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ	کہہ دیجیے کہ بیشک وہ سب کام اللہ کے (اختیار میں) ہیں
يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	وہ مخفی رکھتے ہیں (بہت سی باتیں) اپنے دلوں میں
مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ	جو ظاہر نہیں کرتے آپ پر، وہ کہتے ہیں
لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ	اگر ہوتا ہمارا اس معاملے (جنگ احد) میں کچھ (اختیار)
مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ	(تو) ہم نہ مارے جاتے یہاں، کہہ دیجیے اگر تم ہوتے
فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ	اپنے گھروں میں (تو) ضرور نکل آتے وہ لوگ (کہ)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَمَنَةً	: امن، امان۔	الْاَمْرِ	: امر، آمر، مامور۔
يَّغْشٰى	: غشی طاری ہوگئی۔	شَيْءٍ	: شے، اشیائے خوردونوش۔
طَآىِٕفَةً	: طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔	يُخْفُوْنَ	: مخفی، اخفاء، خفیہ۔
اَهَمَّتْهُمْ	: اہمیت، اہتمام، ہمت۔	اَنْفُسِهِمْ	: نفس، نفسانی، نفسا نفسی۔
يَظُنُّوْنَ	: ظن، بدظن، بدظنی۔	يُبْدُوْنَ	: بادی النظر (ظاہری نظر سے)۔
الْجَاهِلِيَّةِ	: جاہل، جہالت، مجہول۔	قُتِلْنَا	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
يَقُوْلُوْنَ	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	بُيُوْتِكُمْ	: بیت اللہ، بیت المقدس، بیت المال۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَمَنَةً ❶	نُّعَاسًا	يَّغْشٰى ❷	طَآئِفَةً ❶	مِّنْكُمْ ۙ	وَطَآئِفَةٌ ❶
تسلی	اونگھ	(جو) طاری ہوئی	ایک گروہ پر	تم میں سے	اور ایک گروہ (تھا کہ)

قَدْ اَهَمَّتْهُمْ ❸	اَنْفُسُهُمْ	يَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ	غَيْرَ الْحَقِّ
تحقیق فکر پڑی تھی اُن کو	اپنی جانوں کی	وہ سب گمان رکھتے تھے	اللہ پر	ناحق

ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ❶ ؕ	يَقُوْلُوْنَ	هَلْ لَّنَا ❹	مِنَ الْاَمْرِ ❺
جاہلیت کے سے گمان	وہ سب کہہ رہے تھے کہ	کیا ہمارا	(اس) معاملے میں

مِنْ شَيْءٍ ❻ ؕ	قُلْ	اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ	لِلّٰهِ ؕ	يُخْفُوْنَ
کچھ (عمل دخل) ہے	آپ کہہ دیجیے	بیشک وہ سب کام	اللہ کے ہیں	وہ سب چھپاتے ہیں

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	مَّا لَا	يُبْدُوْنَ	لَكَ ؕ	يَقُوْلُوْنَ	لَوْ
اپنے دلوں میں	جو نہیں	وہ سب ظاہر کرتے	آپ پر	وہ سب کہتے ہیں	اگر

كَانَ	لَنَا ❹	مِنَ ❺ الْاَمْرِ شَيْءٌ	مَّا قُتِلْنَا	هٰهُنَا ؕ	قُلْ
ہوتا	ہمارا (اختیار)	اس معاملے (جنگ احد) میں کچھ	نہ ہم مارے جاتے	یہاں	کہہ دیجیے

لَّوْ	كُنْتُمْ	فِيْ بُيُوْتِكُمْ	لَبَرَزَ ❼	الَّذِيْنَ
اگر	تم ہوتے	اپنے گھروں میں	(تو) ضرور نکل آتے	وہ لوگ جو (کہ)

ضروری وضاحت

❶ "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ یہاں علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ یہاں علامت "لَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ "مِنْ" کا ترجمہ ضرورتاً "میں" کیا گیا ہے۔ ❻ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ علامت "لَ" عموماً تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے اس لیے ترجمہ "ضرور" کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقَتۡلُ	لکھا جا چکا تھا ان پر (ان کے مقدر میں) قتل ہونا
اِلٰى مَضَاجِعِهِمۡ ۚ وَ	اپنی قتل گاہوں کی طرف اور (یہ شکست اس لیے ہوئی)
لِيَبۡتَلِىَ اللّٰهُ مَا فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ	تاکہ اللہ تعالیٰ پرکھے اُسے جو تمہارے سینوں میں ہے
وَلِيُمَحِّصَ	اور تاکہ پاک صاف کر دے (وہ کھوٹ)
مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ ؕ	جو تمہارے دلوں میں ہے
وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿154﴾	اور اللہ خوب جاننے والا ہے دلوں کی باتوں کو۔ ﴿154﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ تَوَلَّوۡا مِنۡكُمۡ	بیشک وہ لوگ جو تم میں سے پیٹھ پھیر گئے
يَوۡمَ الۡتَقَى الۡجَمۡعٰنِ ۙ	جس دن آپس میں ٹکرائیں دو فوجیں
اِنَّمَا اسۡتَزَلَّهُمُ الشَّيۡطٰنُ	بلاشبہ پھسلا دیا اُن کو شیطان نے
بِبَعۡضِ مَا كَسَبُوۡا ۚ	اس وجہ سے جو بعض لغزشیں انہوں نے کیں
وَلَقَدۡ عَفَا اللّٰهُ عَنۡهُمۡ ؕ	اور البتہ تحقیق اللہ نے درگزر کر دیا ہے اُن سے
ع 16/7/7 اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ حَلِيۡمٌ ﴿155﴾ ع	بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت بردبار ہے۔ ﴿155﴾ ع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كُتِبَ : کاتب، کتاب، مکتوب۔	عَلِيۡمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلم۔
الۡقَتۡلُ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	اِلۡتَقَى : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
اِلٰى : رجوع الی اللہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	الۡجَمۡعٰنِ : جمع، جماعت، مجموعہ۔
لِيَبۡتَلِىَ : ابتلا، مبتلا، بلا۔	كَسَبُوۡا : کسبِ حلال، کسبی، کسبِ فیض۔
فِىۡ : فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔	عَفَا : عفو و درگزر، معافی۔
صُدُوۡرِكُمۡ، الصُّدُوۡرِ : صدر بازار، شرح صدر۔	غَفُوۡرٌ : مغفرت، استغفار۔
قُلُوۡبِكُمۡ : قلب اطہر، قلوب۔	حَلِيۡمٌ : حلیم الطبع، حلم و بردباری۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

كُتِبَ	عَلَيْهِمُ ❶	الْقَتْلُ	اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ج	وَ
لکھا جاچکا تھا	اُن پر	قتل ہونا	اپنی قتل گاہوں میں	اور (یہ شکست اس لیے ہوئی)

لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ ❷	مَا	فِيْ صُدُوْرِكُمْ	وَ
تاکہ اللہ تعالیٰ پرکھے	جو	تمہارے سینوں میں ہے	اور

لِيُمَحِّصَ	مَا	فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ
تاکہ پاک صاف کردے	جو	تمہارے دلوں میں ہے	اور اللہ	خوب جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (154)	اِنَّ الَّذِيْنَ	تَوَلَّوْا ❸	مِنْكُمْ
سینوں والی (باتوں) کو	بیشک وہ لوگ جو	سب پیٹھ پھیر گئے	تم میں سے

يَوْمَ	الْتَقَى	الْجَمْعٰنِ لا	اِنَّمَا	اسْتَزَلَّهُمُ ❹
جس دن	آپس میں ٹکرائیں	دو فوجیں	بلاشبہ	پھسلانا چاہا اُن کو

الشَّيْطٰنُ	بِبَعْضِ مَا	كَسَبُوْا ج	وَلَقَدْ ❺
شیطان نے	اس وجہ سے جو بعض	لغزشیں ان سب نے کیں	اور البتہ تحقیق

عَفَا اللّٰهُ	عَنْهُمْ ط	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ (155) ❻ ع
درگزر کردیا ہے اللہ نے	اُن سے	بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت بردبار ہے

ع 16 7 7

ضروری وضاحت

❶ یعنی اُن کے مقدر میں۔ ❷ یہاں علامت ''یـ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ یہاں علامت ''تـ'' کا ترجمہ ''تو'' نہیں ہے بلکہ اس میں اور ''شد'' میں ''کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم'' ہے۔ ❹ علامت ''استـ'' میں طلب اور چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ''لَ'' اور ''قَدْ'' دونوں علامتیں تاکید کے لیے ہیں۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں ''مبالغہ'' کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ ''نہایت'' کیا گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! مت ہو جانا
كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اُن لوگوں کی طرح جنھوں نے کفر کیا
وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ	اور اُنھوں نے کہا اپنے بھائی بندوں کے بارے میں
اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى	جب وہ سفر کرتے زمین میں یا جنگ پر ہوتے
لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا	اگر یہ ہمارے پاس ہوتے (تو) نہ مرتے
وَمَا قُتِلُوْا ۚ	اور نہ قتل کیے جاتے (اِن باتوں سے مقصود یہ ہے)
لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ	تا کہ اللہ بنا دے اُسے حسرت اِن کے دلوں میں
وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ	اور اللہ ہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿156﴾	اور اللہ اُس کو جو تم کر رہے ہو خوب دیکھ رہا ہے ﴿156﴾
وَلَىِٕنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ	اور البتہ اگر تم اللہ کی راہ میں قتل کیے جاؤ یا (ویسے)
مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ	فوت ہو جاؤ یقیناً اللہ کی طرف سے بخشش اور رحمت
خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿157﴾	(کہیں) بہتر ہے اُس سے جو یہ جمع کر رہے ہیں۔ ﴿157﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْا : ایمان، مومن، امن۔	قُلُوْبِهِمْ : قلبِ اطہر، قلبی تعلق۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔	يُحْيٖ : حیات، احیائے دین۔
غُزًّى : غزوہ، غازی۔	تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
عِنْدَنَا : عنداللہ، عندالطلب۔	بَصِيْرٌ : سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
مَاتُوْا، يُمِيْتُ : موت، میت، اموات۔	سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
قُتِلُوْا، قُتِلْتُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔	مُتُّمْ : موت، اموات، میّت۔
حَسْرَةً : حسرت۔	يَجْمَعُوْنَ : جمع، جامع، مجموعہ۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اے وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب مت ہو جانا	اُن لوگوں کی طرح جن	سب نے کفر کیا

وَقَالُوْا	لِاِخْوَانِهِمْ ❶	اِذَا ضَرَبُوْا	فِي الْاَرْضِ
اور اُن سب نے کہا	اپنے بھائیوں کے بارے میں	جب وہ سب سفر کریں	زمین میں

اَوْ كَانُوْا	غُزًّى	لَّوْ كَانُوْا	عِنْدَنَا	مَا مَاتُوْا
یا وہ سب ہوں	جنگ پر	اگر یہ سب ہوتے	ہمارے پاس	(تو) نہ وہ سب مرتے

وَمَا	قُتِلُوْا ج	لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ❷	ذٰلِكَ حَسْرَةً ❸	فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط
اور نہ	وہ سب مارے جاتے	تاکہ بنا دے اللہ	اُسے حسرت	اِن کے دلوں میں

وَاللّٰهُ	يُحْيٖ ❷	وَيُمِيْتُ ط ❷	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
اور اللہ	زندگی دیتا ہے	اور وہ موت دیتا ہے	اور اللہ	اُس کو جو	تم سب کر رہے ہو

بَصِيْرٌ ❹ (156)	وَلَئِنْ ❺	قُتِلْتُمْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اَوْ مُتُّمْ
خوب دیکھ رہا ہے	اور البتہ اگر	تم مارے جاؤ	اللہ کی راہ میں	یا تم (ویسے ہی) مر جاؤ

لَمَغْفِرَةٌ ❸	مِّنَ اللّٰهِ	وَرَحْمَةٌ ❸	خَيْرٌ مِّمَّا ❻	يَجْمَعُوْنَ (157)
یقیناً بخشش	اللہ کی طرف سے	اور رحمت	بہت بہتر ہے اُس سے جو	وہ سب جمع کر رہے ہیں

ضروری وضاحت

❶ قَالُوْا کے بعد اگر "لِ" ہو تو اس کا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔ یہاں ضرورتاً "کے بارے میں" کیا گیا ہے۔ ❷ یہاں علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ بَصِيْرٌ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے کا مفہوم" ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "خوب" کیا گیا ہے۔ ❺ "لَئِنْ" یہ "لَ + اِنْ" کا مجموعہ ہے۔ ❻ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ